21/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں ..عمر مختار

عید

بر صغیر کے ساتھ ساتھ جمونکشمیر میں بھی آج عید الفطر کا تہوار مذہبی جوش و خروش اور تذک و احتشام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ آج پورے جموں کشمیر میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے۔

نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہوا جہاں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی گئی ۔اس موقعے پر فرزندان توحید نے آہوزاری اور انکساری کے ساتھ تکبیرات ، درود واذکار او دعاؤ ں کی گونج کو فضاءمیں بلند کیا ۔

............Byte............

نماز اداکئے جانے کے بعدعقیدت مندوں نےپوری دنیا کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں امن و امان اور خوشحالی کیلئے دعائیں مانگیں۔

عید مبارک

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ سی پی راھاد کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں کوعیدالفطر کے موقعے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں کہا کہ یہ تہوار روحانی اور سماجی اعتبار سے کا فی اہم ہے ۔ انہوننے کہا کہ آج کے دن ہمیں خدمت خلق کے جذبے کو اپنے اندر پیوست کرنے کا عہد کرنا چاہئے۔ انہوں نے دعا کی کہ عید کا یہ مقدس تہوار ہم سب کے لئے امن و امان ، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے ۔

کابینی وزراء، وقف بورڈ کی چیر پرسن اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو سمیت انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کے علاوہ زندگی کے اہم شعبونسے وابستہ کئی ذی وقار شخصیات نے بھیعوام کو عید الفطر کی مبارک بادپیش کی ہے۔

دریں اثنا وائس چانسلر سینٹرل یونیورسٹی آ ف کشمیر پروفیسر اے رویندر ناتھ ، چیف پوسٹ ماسٹر جنرل جموں کشمیر سرکل DSVR مورتھی اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے عید الفطر کے موقعے پر کشمیری عوام کو مبارکباد پیش کی ہے ۔

کشمیر نے پولیس اہلکارو ں ، شہید پولیس اہلکاروں IGPڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات ، کے اہل خانہ کو بھی مبارکباد دی ساتھ ہی نو روز کے پر مسرت موقعے پر انہوں نے لوگوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

۔

ڈاکٹر زبیر

طبی ماہرین نے بزرگوں کو ماہِ رمضان کے بعد خصوصاً عید کے روز کھانے پینے میں احتیاط برتنے کی صلاح دی ہے ۔ اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Dr. Zubair...........

نو روز

دریں اثناءنوروز عالم بھی آج مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایاجا رہا ہے۔ یہ دن پارسی نئے سال کی ابتداءاور صدیو ں سے چلی آرہی زرعی سرگرمیوں کے آغاز اور اس سے وابستہ رسوم اور عقائد کی پیروی کے طور پر بھی منایاجاتا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگرکابینی وزراءنے بھی اس موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے ۔

کشمیر وی کے بردی اور وقف بورڈ کی چیر پرسن IGPڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات، ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بھی اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

اطلاع

اور اب ہمارے نیوز بلیٹنز سے متعلق ایک اطلاع۔ کل سے شام6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا15منٹ کا کشمیری خبروں کا بلیٹن جس کے اوقات میں ماہ رمضان کے پیش نظر تبدیلی لائی گئی تھی اب معمول کے مطابق6بجکر25منٹ پر نشر ہو ا کرے گا۔

LPG

مکمل طور سے کام کر رہی ہیں اور ان Refineries مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں تمام میں خام تیل کا وافر سٹاک موجودہے۔ پیٹرولیم اور نیچرل گیس وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے نئی دلی میں مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے ایک بین وزارتی بریفنگ کے پیدا وار معمول کے مطابق ہو رہی ہے اور اس کا وافر سٹاک بھی LPG دوران کہا کہ گھریلو تقسیم LPGموجود ہے۔ انہوننے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے کے دوران صارفین میں11ہزار3سو ٹن کی گئی۔ علاوہ ازیں رسوئی گیس کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ پر قابو پانے کےلئے کارروائی جا ری ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****